# 124201 - روزے اس امت کے خصائص میں شامل نہیں

**سوال**

کیا رمضان المبارک کے روزے اس امت محمدیہ کے خصائص میں شامل ہے یا کہ پہلی امتوں پر بھی روزے فرض تھے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اے ایمان والوں تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تا کہ تم پرہیزگار بنو البقرۃ ( 183 ).

یہ آیت کریمہ اس پر دلالت کرتی ہے کہ روزے ایك قدیم عبادت ہے ہم سے پہلے لوگوں پر بھی اسی طرح فرض تھے جس طرح ہم پر فرض ہیں، لیکن آیا کیا وہ بھی رمضان المبارک کے روزے رکھنے کے مقید تھے یا نہیں ؟

اس کے متعلق مجھے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نص کا علم نہیں جس میں یہ بیان ہوا ہو کہ ان پر بھی رمضان المبارک کے روزے فرض تھے " انتہی .